3104-انشورنس کی رقم حاصل کرنے کے لیے دوران ملازمت حادثہ پیش آنے کا جھوٹا دعوی کردیا

سوال

کام سے باہر مجھے حادثہ پیش آگیا، اورجب میں علاج معالجہ کے اخراجات برداشت نہ کرسکا تو میں نے دعوی کردیا کہ حادثہ کام کی بنا پر ہوا ہے، اس بنا پر کمپنی نے مجھے علاج معالجہ کے اخراجات مہیا کردیے، اوراب میں اس فعل پر نادم ہوں، مجھ پر کیا لازم آتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

آپ کو چاہیے کہ کمپنی والوں کو حقیقت
حال بتادیں اورعلاج معالجہ کی جورقم انہوں نے صرف کی ہے وہ واپس کرنے کی پیشکش
کریں، یا پھر اسے اپنی تنخواہ سے کٹوتی کروادیں، اوراگرانہوں نے آپ کو معاف
کردیا–اگرانہیں یہ صلاحیت ہو– توپھر یہ قرض ساقط ہوجائے گا، وگرنہ آپ اس سے
ان کے معاف کرنے یا انہیں اخراجات واپس کیے بغیر بری الذمہ نہیں ہوسکتے، اورآپ اس
عظیم کذب بیانی اورظلم کرنے پر اپنے رب سے توبہ واستغفار کریں.